نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

بارانی علاقوں کے کاشتکار گندم کی محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں

لاہور:**06** اکتوبر **2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بارانی علاقوں میں گندم کی کاشت کا وقت **15** اکتوبر تا **15** نومبر ہے۔کاشتکار گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے لئے محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشتکار بارانی علاقوں میں منظور شدہ اقسام شیراز-23،عروج-22،نشان-21،ایم اے-21،مرکز-19،بارانی-17،فتح جنگ-16 اور پاکستان-13 کاشت کریں۔بارانی علاقوں کے کاشتکار گندم کی بوائی کیلیئے 40 تا 50 کلوگرام فی ایکڑ بیج استعمال کریں نیز بیج کے اگاؤ کی شرح 85 فیصد سے کم نہیں ہونی چاہیے۔بصورت دیگر شرح بیج میں مناسب اضافہ کر لینا چاہیے۔گندم کی فصل کو مختلف بیماریوں سے بچانے کے لئے بیج کو کاشت سے پہلے محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے زہر آلود کر لیں۔

☆☆☆☆